سندھ حکومت نے صوبے میں توانائی بحران پر قابو پانے کے لئے عالمی بینک کے تعاون سے شمسی توانائی کا منصوبہ شروع کیا ہے جس کا مقصد صوبے میں قابل تجدید توانائی کو بروئے کار لانا ہے تاکہ یوٹیلیٹی اسکیل 400 میگاواٹ سولر پاور کی ترقی کے ذریعے انتہائی مسابقتی قیمتوں پر اسٹریٹجک طور پر تصدیق شدہ سولر پارکس، عوامی عمارتوں پر اور اس کے ارد گرد تقسیم شدہ شمسی توانائی نظام کی تنصیب اور دو لاکھ گھرانے جہاں بجلی کی رسائی نہیں یا بلکل کم ہے انکو شمسی توانائی کے نظام کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی کی واضح ہدایت پر صوبائی وزیر توانائی امتیاز احمد شیخ نے منصوبے پر کام کی رفتار کو تیز کیا ہے۔ اس کے علاوہ عالمی بینک کے تعاون سے صوبے میں تعلیم کی ترقی اور فروغ کے لئے مختلف منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے جن میں سے ایک 5400 ملین روپے کی لاگت سے جامع تعلیم کے لئے کارکردگی کو مضبوط بنانے کے منصوبہ شروع کرنے کی حکمت عملی مرتب کی ہے۔ پروجیکٹ کے حصوں میں نیشنل اسکول ہیلتھ اینڈ سیفٹی پروٹوکول کو اپنانا، 20 طلباء تک ملٹی ماڈل پروگرامز اور دور دراز اضلاع میں داخلہ لینا شامل ہے۔ جبکہ این ای ڈی کیمپس میں این ای ڈی ٹیکنالوجی پارک کے قیام کا بھی اعلان اور اس کی منظوری دی جاچکی ہے جس کا بنیادی مقصد انٹرپرینیور شپ کے ذریعے ایک اختراعی ماحولیاتی نظام کی تعمیر، اختراع کی قیادت میں معاشی نمو کو تحریک دینا، مقامی تحقیقی مراکز کے ساتھ مل کر تحقیق اور ترقی کی کمرشلائزیشن، تعلیمی ادارے اور مزید ترقی اور اقتصادی تنوع کے لئے بہتر بین الاقوامی اور قومی اسٹریٹجک روابط پیدا کرنے کو فروغ دینا ہے۔ ٹیک پارک کے لئے 5 لاکھ 29 ہزار 4 سو 67 اسکوائر فٹ اراضی احاطہ کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ان تجاویز پر عملدرآمد کے بعد جب باقاعدہ طور پر کام ہو کر سامنے آئے گا تو یقیناً شہر کی حالت میں بہتری آئے گی اور ایک خوشگوار اور خوش شکل کراچی دنیا کے سامنے نمودار ہوگا۔ یہی سندھ کی صوبائی حکومت کا عزم اور ویژن ہے جس کی تکمیل کے لئے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کوشاں ہیں۔

صوبہ سندھ بالخصوص کراچی جیسے بڑے شہر کو خوبصورت اور سرمایہ کاروں کے لئے پر کشش شہر بنانے کے لئے حکومت سندھ جو کام کررہی ہے وہ یقینا داد کے قابل ہے۔ اگر سندھ کے وزیراعلی سید مراد علی شاہ کی کارکردگی کا دیگر صوبوں کے وزراء اعلی کی کارکردگی سے موازنہ کیا جائے تو سندھ بالخصوص کراچی کی تعمیر و ترقی میں وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہوگا کیونکہ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کراچی کی تعمیر و ترقی پر خاصی دلچسپی رکھتے ہیں اور اس کے لئے وہ خود تمام مصوبوں کی نگرانی کرتے ہیں اور شہر میں جاری منصوبوں کے معائنے کے لئے وقتاً فوقتاً دورے کرتے ہیں اور منصوبوں پر جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہیں ۔ سندھ حکومت کی کاوشیں اگر اسی طرح جاری رہیں تو یقینا وہ دن دور نہیں ہوگا جب شہر کراچی ایک بار پھر مکمل طور پر روشنیوں کا شہر کہلائے گا اور یہاں رہنے والے ہر شخص کی بنیادی ضروریات پوری ہوں گی۔ ■

# موسمیاتی تبدیلی اور سندھ حکومت کے اقدامات

آغا مسعود

ملک بھر میں مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ان بارشوں کے نتیجے میں وسیع پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں اور انسانی جان و مال کا ضیاع بھی ہوا ہے۔ سندھ کا سب سے بڑا شہر کراچی ایک بار پھر اربن فلڈنگ کا شکار ہو چکا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہمارا ملک موسمیاتی تبدیلیوں کی زد میں ہے دنیا میں موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے بڑی تباہی آرہی ہے اور اس وقت موسمیاتی تبدیلی کا معاملہ دنیا بھر میں سب سے بڑے مسئلے کے طور پر سامنے آرہا ہے جسے انسانیت کے لیے ایک بڑے خطرے کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ بارش سے قبل تیز ہواؤں چلنے کے امکانات موجود ہیں جس سے درخت اکھڑ سکتے ہیں جب کہ کمزور انفرااسٹرکچر کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پاکستان میں تین ماہ تک جاری رہنے والے مون سون سیزن کو ہم دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں جس میں پہلا حصہ جو کہ قبل از وقت شروع ہو چکا ہے جو پندرہ اگست تک چلے گا جب کہ دوسرا حصہ تیس ستمبر تک جاری رہے گا۔ بارش کو باران رحمت کہا جاتا ہے اور نعمت خداوندی بھی کہا جاتا ہے جس سے نہ صرف زمین کی پیاس بجھتی ہے بلکہ کھیت و کھلیان سرسبز و شاداب بھی ہوتے ہیں جبکہ باران رحمت انسانوں اور حیوانات کے لیے زندہ رہنے کا وسیلہ بھی ہے۔ آج پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہو رہا ہے، مون سون میں اس دفعہ زیادہ بارشیں ریکارڈ کی گئیں ہیں۔ گلوبل وارمنگ اور ماحولیاتی تبدیلیوں کی حوالے سے اس وقت تباہی ہو رہی ہے۔ دیکھا جائے تو پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں آٹھویں نمبر پر ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق رواں سال دنیا میں سب سے گرم ترین دن ریکارڈ کیے گئے یہی صورتحال رہی تو کوہ ہندوکش اور ہمالیہ کے گلیشیئرز پگھل جائیں گے۔

عالمی اعداد و شمار کے مطابق پچھلے ایک عشرہ کے دوران موسمی شدت کے واقعات مثلاً سیلاب، طوبان، شدید بارشوں کے نتیجے میں دنیا بھر میں ہزاروں افراد ہلاک ہوئے۔ موسمیاتی تبدیلی نہ صرف انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہے بلکہ عالمی معیشت پر بھی نقصان دہ اثرات پڑنے کے امکانات پیدا کر رہی ہے. آج کے جدید سائنسی دور میں آلات کی مدد سے موسم کی ساری صورتحال کئی ہفتے پہلے معلوم ہو جاتی ہے کہ کتنی گرمی ہوگی، کتنی سردی پڑے گی اور کتنی بارش ہوگی۔ ایک عام آدمی اپنے موبائل پر یہ ساری معلومات معلوم کر لیتا ہے۔ لیکن کمزور انفرااسٹرکچر کی وجہ سے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہیں۔

پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے سبب بارشیں یا تو بہت کم ہوتی ہیں یا پھر زیادہ بارشوں سے سیلاب آجاتے ہیں۔ دوسری طرف بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان آنے والے دریاؤں پر سیکڑوں ڈیم بنادیے ہیں۔ اسی تناظر میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی پاکستان کو ایک ایک بوند سے محروم کرنے کی دھمکی بھی دے چکے ہیں۔ اس لحاظ سے پانی کی بڑی اہمیت ہے پانی کی اہمیت کا اندازہ ہم اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ آبی وسائل نہ صرف زراعت اور بجلی کے لیے ضروری ہیں بلکہ انسانوں سمیت جنگلات اور حیوانات کے لیے بھی بہت ضروری ہے۔ ایک عالمی رپورٹ کے مطابق دنیا میں تقریباً 36 ممالک ایسے ہیں کہ جو آبی قلت کا سامنا کر سکتے ہیں اس میں پاکستان بھی شامل ہے۔ دوسری طرف عالمی موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے دنیا بھر مین بارشوں اور برفباری کے پیٹرن بدل رہے ہیں لہذا جن ممالک میں بے موسم بارشیں ہو رہی ہیں اس کی وجہ سے فصلوں اور قدرتی حیات، جنگلات وغیرہ کو نقصان ہو رہا ہے۔ مثلاً متحدہ عرب امارت اور سعودی عرب میں کبھی بارشیں نہیں ہوتی تھیں لیکن اب دونوں ممالک میں بارشیں ہو رہی ہیں۔ اسی طرح آج کل خبروں

میں سننے میں آرہا ہے کہ یورپ میں شدید گرمی پڑ رہی ہے درجہ حرارت 40ڈگری سے اوپر چلا گیا ہے یورپ جسے لوگ برسات کے براعظم کے طور پر جانتے ہیں جہاں عام طور پر بارش معمول کا حصہ سمجھی جاتی تھی سردیوں میں شدید برف باری ہوتی تھی وہاں درجہ حرارت بڑھنے کی وجہ سے اموات ہونا شروع ہوگئی ہیں کیونکہ وہاں کے لوگ اس قدر گرمی کے عادی نہیں ہیں۔اسی طرح موسم سرما میں برف باری بھی بہت کم ہوئی جس کی وجہ سے بیشتر یورپی دریا یا تو خشک ہوتے جارہے ہیں یا پھر معمول سے بہت کم پانی بہہ رہا ہے۔یورپ میں عام طور پر پنکھے کی ضرورت بھی کم ہی پڑتی تھی لیکن اب وہاں ائیر کنڈیشن لامی ہوتے جارہے ہیں جس سے توانائی کا بحران بھی سر اٹھارہا ہے دوسری طرف عرب ممالک جو گرم خطہ سمجھے جاتے ہیں وہاں اب بارشیں معمول بنتی جارہی ہیں

عالمی درجہ حرارت میں اضافہ اور پانی کی قلت کے بڑھتے ہوئے مسائل سے زرعی شعبہ کو سنگین خطرات درپیش ہیں اور پاکستان کا زرعی شعبہ پانی کی قلت سے متاثر ہے۔ لہذاموسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر سندھ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ درخت نہ لگانے والی نئی ہاؤسنگ اسکیمزاور سوسائٹیز کو ماحولیاتی این او سی نہیں دیا جائے گا۔ وزیر ماحولیات سندھ اسماعیل راہو نے کہا کہ کراچی سمیت سندھ بھر میں درخت لگانے والی نئی ہاؤسنگ اسکیمز کو ہی ماحولیاتی این او سی دی جائے گی۔اب نئی پالیسی کے تحت نئی ہاؤسنگ اسکیمز کو تعمیرات شروع کرنے سے پہلے گرین بیلٹ کے لیے زمین مختص کرنا ہوگی نیز درخت کاٹنے والی مافیاز کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔

یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے دنیا بھر میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہورہا ہے اور درخت کاٹنے والی مافیا اپنے چند پیسوں کے لیے دس بس سال پرانے درخت کاٹ دیتے ہیں۔ لہذا سندھ حکومت مختلف ذرائع ابلاغ کے ذریعے لوگوں کو (Motivate) کررہی ہے کہ ”آج پودا لگائیں گے تو کل وہ تناور درخت بنے گا“ دیکھا جائے تو درخت لگانے کے بعد اس کی نگہداشت بھی کی جاتی ہے کہ کوئی گائے یا بکری اس پودے کو کھا نہ جائے جس کو باقاعدہ درخت بننے میں سالوں درکار ہوتے ہیں مثلاً ایک نیم کے پودے کو تن آور درخت بننے میں پندرہ بیس سال لگتے ہیں اس لحاظ سے یہ ایک دیرپا عمل ہے۔حکومت سندھ شجرکاری کی اہمیت کے پیش نظر ہر سال موسم بہار اور موسم برسات کے دوران صوبائی سطح پر شجرکاری کی مہمات شروع کی جاتی ہیں جن کو مقصد عوام میں شعور پیدا کرنا ہے کہ وہ اس اہم ذمہ داری کو احسن طریقے سے انجام دیں تاکہ اپنے ماحول کو آلودگی سے بچایا جاسکے۔اگر ہر شہری اپنے حصہ کا پودا لگائے اور اس کی دیکھ بھال کرکے اسے تناور درخت بنائے تو پورے سندھ کو سرسبز و شاداب بنایا جاسکتا ہے۔ زراعت سے وابسطہ ماہرین نے عوام کو بہت اچھا مشورہ دیا ہے کہ ہم پھلوں کی گھٹلیاں صاف کرکے اگر موجودہ برسات میں نرم گیلی زمین میں دبادیں تو ان سے پھل دار پورے پھوٹ سکتے ہیں۔اسی طرح صرف درختوں کی شاخیں بھی زمین میں لگا دینے سے گھنے اور سایہ دار درخت ہمارے لیے آکسیجن اور سائے کا سبب بن سکتے ہیں۔ہمارے ذرائع ابلاغ، علمائے کرام، سماجی کارکنان، سول سوسائٹی اور ماحولیاتی ماہرین پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ درختوں کی اہمیت اجاگر کرنے اور آنے والے خطرات سے آگاہ کرنے کے لیے بھرپور مہم شروع کریں۔ شجرکاری کو فروغ دیں اور درختوں کو کاٹنے کے روجحانات کی مخالفت کریں۔اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ قدرت نے ماحول کی صورت میں ہمیں جو خوبصورتی عطا کی ہے اگر ہم نے اس میں بگاڑ کا عمل جاری رکھا اور صنعتی ترقی کے نام پر آلودگی اسی طرح پھیلاتے رہے تو اس کا نقصان ہماری آنے والی نسلیں بھگتے گی۔

دوسری طرف انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (ارسا) کا کہنا ہے کہ پاکستان میں آبی ذخائر نہ بننے کی وجہ سے سالانہ 21ارب ڈالر مالیت کا پانی سمندر میں شامل ہو جاتا ہے۔ کراچی میں پانی ذخیرہ کرنے کا صرف ایک ڈیم ہے جس کا نام حب ڈیم ہے جس کے ذریعے آدھے کراچی کو سارا سال صاف پانی کی سپلائی جاری و ساری رہتی ہے جو مکمل بھرنے کے بعد زائد پانی کو اسپل وے کے ذریعے بہادیا جاتا ہے

ضرورت اس بات کی ہے کہ بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے حب ڈیم کی طرز پر مزید ڈیم بنائے جائیں تاکہ مستقبل میں پانی کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ پاکستان کے پاس پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت صرف 30 دن کی ہے۔ کراچی میں مون سون بارشوں کے نتیجے میں جو سڑکیں زیر آب آئی ان کو سندھ حکومت کے مشینری نے جلد از جلد بحال کروایا۔ لیکن کراچی میں اربن فلڈنگ کے کئی اسباب ہیں جن کا حل کیا جانا ضروری ہے ہم اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ جب تک بارش کے پانی کو سمندر میں لے جانے والے نالوں کی بھل صفائی کے ساتھ ساتھ شہر کے انفرا اسٹرکچر کو موسمیاتی تبدیلیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نہیں بنایا جاتا تب تک اربن فلڈنگ سے جان نہیں چھٹ سکتی۔ حکومت سندھ اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاکر بارشوں سے قبل نالوں کی صفائی کی لیکن شہریوں کو بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرنا چاہیے۔ شہریوں کی بے حسی اور بے شعوری کا عالم یہ ہے کہ پولی تھین کے شاپرز بیگز اور ہر قسم کا کوڑا کرکٹ گندے نالوں میں پھینک دیتے ہیں حتیٰ کہ عام گھریلو کچرا، عمارتی ملبہ اور پرانا لکڑی کا ٹوٹا پھوٹا کچرا، پرانی روئی وغیرہ بھی نالوں میں پھینکنے سے گریز نہیں کرتے۔ لہذا سے پلاسٹک کی تھیلیوں کا استعمال پر فوری طور پر پابندی لگائی جائے اور اس حوالے سے کوئی دباؤ قبول نہ کیا جائے دو تین دہائیاں قبل جب پلاسٹک کی تھیلیوں کا استعمال شروع نہیں ہوا تھا اس وقت سیوریج کے مسائل بہت کم تھے۔ لہذا جب تک بارش نہیں ہوتی ان نالوں کا پانی بہتا رہتا ہے لیکن جونہی بارش ہوتی ہے پانی کا بہاؤ تیز ہوتا ہے تو کچرا نالے کو بند کر دیتا ہے یوں پانی کناروں سے نکل کر آبادیوں میں پھیل جاتا ہے۔ کراچی میں چھوٹے بڑے 54 نالے ہیں۔ ان میں دو بڑی ندیاں بشمول لیاری اور ملیر ندی ہیں یہ دونوں ندیاں اس پانی کو سمندر میں لے جاتی ہیں۔ سندھ کچی آبادی اتھارٹی کے اعداد و شمار کے مطابق سندھ میں آبادی کا اتنا دباؤ ہے کہ نکاسی آب کے نالوں پر گھر بن گئے ہیں شہروں میں بغیر کسی پلاننگ کے ان گنت بے ہنگم بستیاں آباد ہوچکی ہیں جہاں سیوریج کا نظام سرے سے وجود ہی نہیں رکھتا صرف کراچی میں ایک ہزار کے قریب کچی آبادیاں ہیں جن میں لاکھوں لوگ آباد ہیں ان میں سے اکثریت پاکستان ریلوے کی زمین یا پھر برساتی نالوں کے اندر اور کناروں پر آباد ہیں۔ ان بے ہنگم آبادیوں میں سیوریج کا نظام انتہائی ناقص ہے اور کئی کچی آبادیوں میں نکاسی آب کا کوئی نظام نہیں ہے۔ اس دفعہ موسمی تبدیلیوں کے باعث کراچی میں شدید بارشوں کی پیشگوئیاں صحیح ثابت ہوئی اگرچہ سندھ حکومت نے ان بارشوں سے پہلے ہی نالوں کی صفائی کروادی تھی لیکن بارشیں اتنی زیادہ ہوئی جس کی وجہ سے اربن فلڈنگ کو نہ روک سکیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان موسمیاتی تبدیلیوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمیں نکاسی کا نظام بہتر بنانے پر توجہ دینے چاہیے تاکہ جتنی بھی بارش ہوجائے معمولات زندگی بحال رہیں اور بارش کے پانی کو ذخیرہ کر کے اس کو "ری سائیکل" کر کے پینے کے قابل بنایا جاسکتا ہے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارت میں سمندر کے نمکین پانی کو پینے کے قابل بنانے کا پلانٹ نصب ہے جبکہ بارش کو پانی ہوتا ہی میٹھا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ گلوبل وارمنگ اور موسمی تبدیلیوں کا سلسلہ آلودگی اور زمین کے درجہ حرارت میں اضافہ ہورہا ہے جس سے کرہ ارض کا قدرتی ماحول تتر بتر ہورہا ہے۔ ہماری زمین اس پر آباد تمام حیاتیات کی سلامتی کو زبردست خطرات لاحق ہیں۔ ترقی پذیر ممالک کی اکثریت کووڈ اور موسمی حالات کی وجہ سے مزید بڑے مسائل سے دوچار ہیں ان میں اکثر ممالک عالمی بنک اور آئی ایم ایف کے قرضوں میں ڈوبے ہیں اس کے علاوہ ترقی پذیر ممالک میں مہنگائی بیروزگاری اور غربت کی دلدل میں دھنسے ہوئے ہیں۔ اس پر موسمیاتی تبدیلی اور سمندری دراندازی کے نتیجے میں جو نقصانات ہورہے ہیں وہ غریب عوام کے لیے ایک اضافی مسئلہ ہے۔ جس کو حل کرنے کے لیے حکومتیں اپنی اپنی کوششیں کررہی ہیں ان مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنی اپنی ذمہ داری ادا کرنی ہوگی جب اجتماعی طور پر لوگ کوئی کام کرتے ہیں تو کامیابی کے امکانات روشن ہوجاتے ہیں۔ ■

# سندھ حکومت کی چائلڈ لیبر کے خلاف قانون سازی

عبدالستار

انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے مطابق چائلڈ لیبر وہ کام ہے جس سے بچے اپنے بچپن کی امنگوں، باعزت و پروقار طرزِ زندگی سے محروم ہو جائیں اور جوان کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی نشوونما کے لیے نقصان دہ ہو اور جس سے ان کی لازمی تعلیم میں حرج ہو جبکہ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن اور یونیسیف کے مطابق بچوں کے کیے گئے ہر کام کو چائلڈ لیبر نہیں قرار دیا جا سکتا۔ چائلڈ لیبر یعنی بچوں کی مشقت اور چائلڈ ورک (بچوں کے کام) میں امتیاز کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر چائلڈ ورک بچے کی شخصی و جسمانی نشوونما اور اس کی تعلیم پر بُرا اثر نہیں ڈال رہا تو اس طرح کے کام کو چائلڈ لیبر نہیں قرار دیا جائے گا۔ پاکستان میں کئی لاکھ بچے اینٹوں کے بھٹوں سے لے کر قالین کی صنعت تک مختلف شعبوں میں کام کرتے ہیں تاہم اب چائلڈ لیبر کو محدود کرنے کے لیے صوبہ سندھ میں چودہ سال سے کم عمر کے بچوں کی ملازمت پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ اس طرح صوبہ سندھ ملک کا وہ تیسرا صوبہ بن گیا ہے، جہاں چائلڈ لیبر یا بچوں سے محنت مزدوری کروانے کے رجحان کے آگے بند باندھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس سے پہلے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بھی ایسی ہی قانون سازی کی جا چکی ہے۔ ملک کے طول و عرض میں لاکھوں بچے کاشتکاری اور کان کنی جیسے شعبوں میں بھی کام کر رہے ہیں۔ صوبہ سندھ میں بچوں کی ملازمتوں کے حوالے سے جو قانون نافذ العمل ہو چکا ہے، اُس کے تحت خلاف ورزی کے مرتکب افراد کو چھ ماہ تک کی سزائے قید اور پچاس ہزار روپے تک جرمانے کی سزا دی جا سکے گی۔

پاکستان بھر میں لاکھوں بچے تعلیم حاصل کرنے کی بجائے محنت مشقت کر رہے ہیں۔ ابتر سماجی اور اقتصادی حالات کے باعث چودہ



وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، چائلڈ لیبر پر پابندی کے حوالے سے میڈیا کو آگاہ کر رہے ہیں۔

سال سے کم عمر کے بچوں کو کارخانوں، کھیتوں اور دیگر خطرناک شعبوں میں کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ اِس قانون کا مقصد استحصال کے اس رجحان کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ بچوں کے حقوق کے لیے سرگرم ایک مقامی تنظیم ''چائلڈ رائٹس موومنٹ'' کے مطابق پاکستان بھر میں ایک کروڑ پچیس لاکھ سے زیادہ بچے تعلیم حاصل کرنے کی بجائے محنت مشقت کر رہے ہیں۔ مزید یہ کہ ان میں سے بہت سے بچے غربت کا شکار ہونے کی وجہ سے کام کاج کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ پاکستان میں افرادی قوت کے حوالے سے کروائے جانے والے ایک سروے سے پتہ چلا تھا کہ دَس سے لے کر چودہ سال تک کی عمر کے جو بچے کام کاج سے وابستہ ہیں، اُن میں سے اِکسٹھ فیصد لڑکے تھے، جن کا تعلق دیہی علاقوں سے تھا۔ لڑکیوں اور خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے سرگرم ایک غیر سرکاری تنظیم ''دستک'' نے سندھ میں نافذ العمل قانون پر اس حوالے سے مایوسی کا اظہار کیا تھا کہ اس میں گھروں کے اندر کام کو بچوں کے لیے خطرناک کام قرار نہیں دیا گیا۔ تعلیم کی بجائے کام کاج کرنے والے پاکستانی بچوں میں لڑکیوں کی نسبت لڑکوں سے زیادہ ہیں تاہم بہت سی لڑکیاں گھروں میں خادماؤں کے طور پر بھی کام

کرتی ہیں، جنہیں مارا پیٹا جاتا ہے اور تشدد کا نشانہ بھی بنایا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا شعبہ ہے، جس کی کسی طرح کی نگرانی کا کوئی نظام نہیں ہے۔

اقوام متحدہ کے رکن ممالک نے 2015ء میں غربت اور عدم مساوات کے خاتمے کے لیےاتفاقِ رائے سے سن 2025ء کے لیے یہ ہدف مقرر کیا تھا کہ تب تک دُنیا بھر میں چائلڈ لیبر یا بچوں سے محنت مشقت کروانے کی تمام صورتوں کو ختم کر دیا جائے گا۔ آج رویوں کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کے مکروہ عمل کے خاتمے کی طرف بڑھنے کیلئے اجتماعی کاوش کرنے کی ضرورت ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق بھوک اور افلاس کے ڈر سے بچوں کو مارنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ جبکہ اسلام سے قبل لوگ پیدا ہوتے ہی اپنی اولاد کو مار ڈالتے تھے۔ دین اسلام نے اس رسم کا خاتمہ کرنے کی بنیاد ڈالی اور ایسا کرنے والوں کو عبرت ناک انجام کی نوید سنائی۔ اس حقیقت کے اعتراف میں کوئی تامل نہیں کرنا چاہیے کہ اسلام جس طرح بچوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا کی نوید سناتا ہے، کسی اور مذہب یا قانون میں اس کا وجود نہیں۔ ہمارے غیر منصفانہ نظام، سماجی رویوں اور خاندانی نظام میں ٹوٹ پھوٹ کا سب سے بڑا اثر ان معصوم بچوں پر ہی پڑتا ہے۔ تعلیم حاصل کرنے اور کھیل کود کی عمر میں انہیں محنت مزدوری اور مشقت کی بھٹی میں جھونک دیا جاتا ہے جس سے نرم و نازک پھول مرجھا جاتے ہیں، لیکن ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی رپورٹ کے مطابق اس وقت پاکستان میں 15 سے 16 لاکھ بچے مختلف اقسام کی مشقت پر مجبور ہیں۔

پاکستان میں اگرچہ بچوں سے مشقت لینے پر پابندی ہے لیکن ہمارے ملکی قوانین اس قدر کمزور ہیں کہ ان کی وجہ سے چائلڈ لیبر کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ سندھ حکومت نے چائلڈ لیبر پر قابو پانے کیلئے لیبر افسروں، اسسٹنٹ کمشنروں، ڈپٹی کمشنروں، ڈسٹرکٹ پولیس افسروں کو وسیع اختیارات دیئے ہیں اور چائلڈ لیبر پر قابو پانے کی کوششیں تاحال جاری ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ اگر کوئی بچہ اپنے والدین سے کوئی ہنر یا فن سیکھتا ہے تو یہ کوئی قانون شکنی نہیں مثلاً اگر ایک سنار، ترکھان، لوہار، پینٹر، آرٹسٹ، درزی، قالین باف، دکاندار اپنے بچے کو اپنا فن منتقل کر رہا ہے تو یہ کون سا جرم ہے؟ اس سے کون سے ملکی قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے؟

ہاں یہی بچے کسی ورکشاپ، بھٹے، تعمیراتی کاموں اور کارخانوں میں کام کر رہے ہوں تو اسے ہم یقینا چائلڈ لیبر ہی کہیں گے، جس کا سدباب ضروری ہے۔ اس وقت پاکستان بھر کے کارخانوں میں 18 سال سے کم عمر بچوں کی بھرتی پر قانوناً پابندی ہے۔ بہت اچھی بات ہے لیکن یہ قانون کارخانے کے مالک پر تو عائد ہو رہا ہے لیکن ٹھیکے دار کی لیبر پر کسی کی نظر نہیں پڑتی، جو اپنے منافع کے لالچ میں بچوں سے کام لینے سے بھی باز نہیں آتا۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی رپورٹ کے مطابق 8 سال سے 16 سال تک کی عمر کے بچے ہی چائلڈ لیبر کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر ہم ان بچوں کو بہترین تعلیمی سہولتیں، مفت یونیفارم اور کتابیں، مناسب خوراک، صحت کی سہولتیں اور آمدورفت کی بہترین سہولیات مفت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مناسب وظیفہ بھی دے دیں تو اس سے چائلڈ لیبر میں واضح طور پر فوری کمی لائی جاسکتی ہے۔

کیا حکومت نے ایسی کوئی منصوبہ بندی کی ہے؟ آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ عالمی سطح پر ہونے والی کانفرنسوں میں چائلڈ لیبر کے بارے میں پاکستان کے حوالے سے ایسی ایسی ویڈیو دکھائی جاتی ہیں کہ جسے دیکھ کر پاکستانی وفد بھی پریشان ہو جاتا ہے۔ اس سے یقینا پاکستان کا امیج بھی متاثر ہوتا ہے۔ اس وقت پاکستان کی آبادی جس تیز رفتاری سے بڑھ رہی ہے اس سے بے روزگاری، مہنگائی، غربت کے ساتھ ساتھ سماجی و معاشی اور مالی مسائل بھی مسلسل بڑھ رہے ہیں، جس کی وجہ سے والدین دل پر پتھر رکھ کر اپنے بچوں کو محنت مزدوری پر لگانے میں مجبور ہیں۔ خاص طور پر دیہاتوں میں کھیتوں میں کام کرتے ہوئے بچوں کی بھاری تعداد کو آپ دیکھ سکتے ہیں۔ ورکشاپوں، فیکٹریوں، دکانوں، ہوٹلوں، آٹو مکینک شاپس، تعمیراتی کاموں، پھیری والی

ریڑھیوں، چوکوں میں گاڑیوں کو صاف کرنے، بھیک مانگنے والے بچوں، حتیٰ کہ چنگ چی رکشہ چلاتے ہوئے کم سن ڈرائیور بھی آپ باآسانی دیکھ سکتے ہیں۔ پاکستان کے شہروں اور قصبوں میں لوگوں کے گھروں میں بھی لاکھوں بچے محنت و مشقت کررہے ہیں اور اپنے مالکوں کے ظلم و ستم کا شکار بھی ہورہے ہیں۔ چائلڈ لیبر کی یہ بہت بڑی تعداد کسی گنتی میں نہیں اور نہ ہی اس سیکٹر پر لیبر قوانین کا نفاذ ہوتا ہے۔

چائلڈ لیبر کی وجہ سے عالمی سطح پر پاکستان کا تشخص متاثر ہورہا ہے اور غیر ملکی این جی اوز کے ساتھ ساتھ مقامی این جی اوز کو بھی چائلڈ لیبر کے مسئلے کو اچھالنے کا موقع ملا ہے۔ آپ کو یہ جان کر یقینا حیرانگی ہوگی کہ لاہور اور کراچی کے بعد سیالکوٹ، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان، سکھر، تھر، بہاولپور، پشاور، حیدرآباد اور سوات کے علاقوں میں نسبتاً زیادہ این جی اوز سرگرم عمل میں۔ چائلڈ لیبر کے بارے میں ان غیر سرکاری تنظیموں کے بے بنیاد پروپیگنڈہ اور فرضی اعداد وشمار کی وجہ سے ہماری برآمدات پر نہایت ہی منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ اس وقت ہماری کھیلوں کا سامان تیار کرنے اور قالین کی گھریلو صنعت ان غیر سرکاری تنظیموں کے نشانے پر ہے۔ ان دونوں صنعتوں میں چائلڈ لیبر کی موجودگی کے بارے میں بے بنیاد پروپیگنڈہ کیا گیا جس سے کھیلوں کے سامان اور قالینوں کی برآمد میں چند سال کے اندر تقریباً 30 سے 40 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی۔ فٹ بال تیار کرنے کی صنعت میں چائلڈ لیبر کے بارے میں ایسی ایسی مضحکہ خیز باتیں اور پروپیگنڈہ کیا گیا کہ دنیا بھی حیران رہ گئی۔ یہ کس طرح ممکن ہے کہ ایک بچہ فٹ بال کی سلائی کرنے ایک فٹ بال کی تیاری میں چمڑے کے 30 سے زائد چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہاتھ سے سلائی کرکے جوڑے جاتے ہیں، پھر اس فٹ بال کو عالمی سطح کے 22 کھلاڑی 90 منٹ کے کھیل کے دوران ہزاروں زور دار کِکس لگاتے ہیں۔ آپ خود سوچیں کہ کیا ایک بچے کے ہاتھ سے بنا ہوا فٹ بال اس قدر زیادہ کِکس برداشت کرسکتا ہے؟ یقیناً ایسا ممکن ہی نہیں۔ دوسری طرف ہاتھ سے بنے ہوئے قالینوں کا معاملہ بھی تکنیکی اعتبار سے ملتا جلتا ہی ہے۔ ایک عام سائز کے قالین کی تیاری میں دو سے تین ماہ کا عرصہ لگ جاتا ہے۔ ایک مربع فٹ میں 250 سے 300 پھندے ہوتے ہیں، جس کو بنانے (بننے میں) خاصی مہارت اور تجربہ درکار ہوتا ہے جبکہ بچہ بچہ ہی ہوتا ہے وہ کیونکر ایسا خالصتاً تکنیکی اور محنت والا کام کرسکتا ہے؟ ایسا ممکن ہی نہیں۔

یہ صرف غیر سرکاری تنظیموں کا پروپیگنڈہ ہے جس کی پشت پناہی دوسرے ممالک کررہے ہیں، جو پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں برآمد اور پذیرائی کو روکنا چاہتے ہیں۔ حکومت نہ جانے کس مصلحت کی بنا پر ایسی این جی اوز کو کھیل کھیلنے کا موقع دے رہی ہے؟ چند سال پہلے حکومت نے ایک بڑی این جی او کو اسلام آباد میں کام کرنے سے روک دیا اور اس پر پابندی بھی لگادی لیکن پھر گھنٹوں میں حکومت کو وہ پابندیاں اٹھانا پڑیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت چائلڈ لیبر پر کام کرنے والی تمام ملکی اور غیر ملکی غیر سرکاری تنظیموں کی از سر نو مانیٹرنگ کرے، ان کا ریکارڈ، مالی حسابات اور کارکردگی کا کسی دباؤ میں آئے بغیر چیک کرے تاکہ انہیں کھیل کھیلنے کا موقع نہ مل سکے۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی رپورٹ کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں 170 ملین کے لگ بھگ بچے چائلڈ لیبر کے زمرے میں آتے ہیں جن میں سے 25 سے 30 ملین بچے ایسے کام کرنے پر مجبور ہیں جن سے ان کی جان کو بھی خطرہ ہو سکتا ہے۔ سندھ حکومت نے چائلڈ لیبر کے خلاف قانون سازی کرکے یہ ثابت کیا ہے کہ صوبے میں بچوں سے کام نہیں بلکہ ان سے پڑھائی کروائی جائے تاکہ آئندہ وقتوں میں سندھ بھر سے بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے اعلیٰ ملازمتی عہدوں پر فائز ہوں اور نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کا نام روشن کریں۔ اس ضمن میں سرکاری تعلیمی اداروں میں بھی بہتری لائی جارہی ہے تاکہ بچوں کو سرکاری اسکولوں میں پڑھنے میں دلچسپی پیدا ہو اور صوبے کا ہر بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکے تاکہ ان کا مستقبل روشن ہو اور بچپن محفوظ ہوسکے، نہ کہ چھوٹی عمر میں انہیں کام پر لگادیا جائے اور انہیں مشقت کرنی پڑے اور ان کا بچپن کام کاج میں خراب ہو۔ ■

# سندھ حکومت کے غربت کے خاتمے کے لئے منصوبے

قرۃ العین

غربت کی اصطلاح کا ذکر عام طور پر کسی انسان یا معاشرے کی بنیادی ضروریاتِ زندگی کے پس منظر میں کیا جاتا ہے۔ یعنی یہ کسی معاشرے یا انسان کی مادی ضروریات کی کمی سے تعلق رکھتا ہے۔

غربت کی پانچ بڑی وجوہات ہیں جن میں آبادی میں اضافہ، جنگیں، قدرتی آفات، علم و ہنر کی کمی، غیر منصفانہ تقسیم اور مونوپولی میں اضافہ۔ اس حوالے سے ٹالسٹائی نے صدیوں پہلے کہا تھا کہ:

”دنیا میں غربت کی اصل وجہ معاشرے میں چند لوگوں کو عطا کردہ ناجائز مراعات (monopoly) ہوتی ہیں ورنہ ہر بے روزگار شخص جائز طریقے سے اپنے جینے کا بندوبست کر سکتا ہے۔ لیکن مراعات زدہ معاشرے میں انہیں ایسا کرنے کی اجازت نہیں ہوتی تاکہ بے روزگاری بڑھے اور مل مالکان کو سستے مزدور دستیاب ہوں۔“

دنیا میں دو قسم کے ممالک ہیں ایک ترقی یافتہ اور دوسرے ترقی پذیر۔ ترقی یافتہ ممالک میں عوامی بنیادی ضروریات باآسانی میسر ہیں اور اس کے علاوہ دیگر سہولیات بھی حکومتوں کی جانب سے عوام کے ریلیف کے لئے موجود ہیں، جبکہ اس کے برعکس ترقی پذیر ممالک کی جانب نظر دوڑائیں تو یہاں بنیادی ضروریات کا فقدان ہے یا یہ کہہ لیجئے کے آبادی کے تناسب کے حوالے سے بنیادی ضروریات کی فراہمی نہیں۔ اس کی مختلف وجہیں ہیں جن میں پیسوں کی کمی، بدانتظامی اور بدعنوانی شامل ہے۔ پاکستان کا شمار بھی ترقی پذیر ملکوں میں ہوتا ہے اور آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ خطِ افلاس سے نیچے کی زندگی یہاں گزارنے پر مجبور ہے۔ صوبہ سندھ میں بھی کئی ایسے گاؤں دیہات ہیں جہاں بنیادی ضروریات زندگی میسر نہیں البتہ سندھ حکومت کی یہ کوشش ہے کہ عام آدمی کی حالت بہتر ہو اور اس حوالے سے متعدد منصوبے بھی شروع کیے ہیں۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا آغاز اسی سلسلے کی ایک کڑی تھا۔ اسی طرح 2010 اور 2011 میں برسات اور سیلاب سے تباہی پر پی پی پی کی وفاقی حکومت نے پاکستان کارڈ اور وطن کارڈ بھی جاری کیے تھے۔ موجودہ سندھ حکومت نے بینظیر عورت کسان سپورٹ اسکیم اور بینظیر ایگریکلچر ورکرز پروجیکٹ کے ساتھ لیبر کارڈ کی ابتدا بھی کی ہے۔ ان تمام منصوبوں کا مقصد سندھ کے غریب عوام کو معاشی خوشحالی کی سمت لے جانا ہے، چونکہ آبادی کا غالب حصہ دیہات میں رہتا ہے اس لیے اگر اسے خود کفیل کیا جائے تو صوبے کی زرعی معیشت پر بھی بہتر اثرات مرتب ہوں گے۔ وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ کا ویژن ہے کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے اور ان کی ہدایت پر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومت سندھ نے یورپی یونین کے اشتراک سے غربت میں کمی کے لیے ایک پانچ سالہ منصوبے کی منظوری دی ہے۔ یہ منصوبہ ابتدائی طور پر صوبے کے چودہ اضلاع میں کام کرے گا، جن میں ٹھٹھہ، سجاول، بدین اور تھر کے ضلع شامل ہیں۔ ٹھٹھہ، سجاول اور بدین اضلاع، صوبے کی ساحلی پٹی پر آباد ہیں




سندھ حکومت کی جانب سے مزدور طبقے میں بینظیر مزدور کارڈ کی تقسیم جاری ہے۔

اور اسے مقامی طور پر ''لاڑ'' کہا جاتا ہے اور یہاں پسماندگی کی شرح زیادہ ہے۔ کوٹری بیراج کے دہانے پانی نہ خارج ہونے کے باعث سمندر قابل کاشت رقبے کو تباہ کر رہا ہے اور ان تینوں اضلاع کی لاکھوں ایکڑ اراضی سمندر برد ہو چکی ہے اور آبی حیات بھی متاثر ہوئی ہیں اور یہاں کے کاشتکار و ماہی گیر معاشی بدحالی کا شکار ہیں۔ چوتھے ضلع تھر میں بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے قحط کی صورتحال ہے اور خشک سالی نے صحرائی پٹی کو بری طرح تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ قدرتی آفات کا شکار اس ضلع کی بحالی کے لئے بھی سندھ حکومت نے کئی منصوبے شروع کیے ہیں، جن میں سے ایک منصوبہ یہ بھی ہے۔ اس کا مقصد تھر، بدین، سجاول اور ٹھٹھہ اضلاع سے غربت کا خاتمہ اور مقامی آبادی کو جدید سہولتوں سے بہرہ مند کرنا ہے۔ یورپی یونین اور سندھ حکومت کے اشتراک سے جاری اس منصوبے کے تحت ان چاروں اضلاع میں چند دیہات کا گروپ بنایا جائے گا اور ان دیہاتوں کے لیے ایک رورل گروتھ سینٹر قائم ہوگا، جس میں رہائشی سہولتوں کے ساتھ ساتھ پینے کے صاف پانی کی فراہمی و نکاسی آب، بجلی کی موجودگی اور دیہی مرکز صحت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اسی طرح اس سینٹر میں زرعی اجناس ذخیرہ کرنے کا انتظام ہوگا۔ نیز کھیت سے منڈی تک سڑک بھی تعمیر کی جائے گی۔ منصوبے کی ابتداء سے قبل مقامی سطح پر کمیونٹی سے ترقی کی پالیسی پر اسٹیک ہولڈرز سے مسلسل مشاورت بھی کی جارہی ہے، تاکہ غربت کی موجودہ شرح کو ابتدائی مرحلے میں کم اور آئندہ مراحل میں ختم کیا جاسکے۔ یہ پانچ سالہ منصوبہ ہے جسے عالمی سطح پر بھی سراہا جارہا ہے۔ بالخصوص یورپی یونین کی شراکت نے اس کی اہمیت مزید بڑھادی ہے۔ رورل گروتھ سینٹرز کے قیام کا بنیادی نظریہ دنیا کے کئی ممالک میں غربت کے خاتمے میں مؤثر رہا ہے۔ اس کے کئیں اسباب ہیں۔ اول دیہات کی آبادی کو سہولیات میسر ہوں تو وہ آسانی کے ساتھ اپنے زرعی سیٹ اپ کو آگے بڑھاتے ہیں۔ تعلیم، صحت، ذخیرہ اجناس کے مراکز کی موجودگی سے انہیں تقویت ملتی ہے کہ ان کا وقت اور مسافت بچے گی۔ نیز قدرتی آفات میں ان کی پیداوار کو نقصان بھی نہیں پہنچے گا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ بجلی کی فراہمی و نکاسی آب اور رہائش کا بندوبست بھی ہوگا۔

ابتدائی طور پر چار اضلاع کے لئے شروع ہونے والا یہ منصوبہ آگے چل کر دیگر اضلاع کو بھی کور کر سکے گا، جسے اچھی ابتدا تصور کیا جارہا ہے۔ یہی بات سندھ کے وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے صوبے کی موجودہ مالی صورتحال اور موجودہ سال کی ترقیاتی اسکیموں کی منصوبہ بندی سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ مالی بجٹ میں پانی، صحت، بنیادی سہولتوں اور اسکولوں کی اسکیموں پر پوری توجہ دی گئی ہے اور جو منصوبے زیرِ تکمیل ہیں انہیں مقررہ مدت میں مکمل کئے جانے کی بھی پوری کوشش ہوگی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت پر توجہ دی جائے، دریا سندھ پر پلوں کی اسکیموں، اسپتالوں کی ترقی سے متعلق سروے کر کے جائزہ لیا جائے، تاکہ عام آدمی کی زندگی پر ان سہولتوں کے کیا مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں حکومت اس سے باخبر رہے۔ اس وقت صوبے میں سڑکوں کی تعمیر کے سینکڑوں منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جن پر اربوں روپے کی لاگت آئے گی۔ حیدرآباد اور سکھر اضلاع کے ستّر سے زائد منصوبے مکمل کیے جاچکے ہیں، جن سے عام آدمی کو آمد و رفت میں فائدہ پہنچا ہے اور سفر کا دورانیہ بھی کم ہوا ہے۔ آئندہ مالی سال کے لیے مختلف محکموں نے اے ڈی پی ڈرافٹ بھیجے ہیں، جن پر مختص رقم کے مطابق غور و خوض جاری ہے۔ ان اسکیموں کو وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی منظوری کے بعد حتمی شکل دی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ سندھ نے رواں مالیاتی سال کے لیے ترقیاتی کاموں کی سمت متعین کی ہے۔ جاری ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل آئندہ مالی سال کے اختتام تک تکمیل لازمی ہے تاکہ صوبے میں نئے منصوبے شروع کئے جاسکیں۔ سندھ حکومت کی پوری توجہ جاری منصوبوں کی تکمیل پر ہے اور یہ کوشش ہے کہ رواں سال فراہمی آب، صحت کی سہولتوں میں ترقی اور اسکولوں کی تعمیر مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ اسپتالوں میں سہولتوں کی فراہمی سے سماجی حالات میں بہتری کا پتہ چلانے کے لیے سروے کا عمل ضروری ہے، کیونکہ یہ وہ

بنیادی منصوبہ ہے جن کی تکمیل سے عام آدمی کو فائدہ پہنچا ہے۔ حکومت سندھ اس بات سے آگاہ ہے کہ صوبے کے باشندوں کی ضروریات کیا ہیں اور یہ بھی کہ صوبے کا انفراسٹرکچر بہتر بنا کر کس طرح مسائل و مشکلات کو کم کیا جاسکتا ہے، تاکہ سندھ کے عوام کو سہولتیں میسر آسکیں۔ سندھ کی تعمیر و ترقی کے لئے رورل گروتھ سینٹرز کا قیام اور فراہمی آب، اسپتالوں کی حالت بہتر بنانے اور اسکولوں کو بنیادی نوعیت کی ضرورتیں مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے کے لاکھوں باشندوں کو سہولتوں کے لئے حکومتی اقدامات قابل ستائش ہیں، جن کے دیرپا نتائج برآمد ہورہے ہیں۔ اسی لیے وزیراعلی سندھ نے جامع سروے کی ہدایت دی ہے تاکہ ان نتائج کی روشنی میں آئندہ کی ترجیحات کا تعین کیا جاسکے اور منصوبہ بندی کے تحت نہ صرف جاری منصوبوں کی تکمیل ہو بلکہ آئندہ سال کے لئے مزید منصوبے متعارف کروائے جائیں، جن سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے۔ حکومت کی طرف سے عوام کو جو بنیادی ضروریات فراہم کی جاتی ہیں ان میں صحت، تعلیم، روزگار اور انفرااسٹرکچر سرفہرست ہیں، لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں آج بھی یہ سب سہولتیں تمام لوگوں کو میسر نہیں ہیں۔ برسوں سے سیاسی عدم استحکام اور معاشی حالت کی ابتری نے لوگوں کو بنیادی ضرورتوں و سہولتوں سے محروم رکھا ہوا ہے، حکومتیں اپنے طور پر کوششیں کرتی ہیں لیکن حالات میں سدھارا مکمل طور پر اب تک نہیں آسکا ہے۔ لہٰذا ایسی پالیسی اختیار کی جائے جس کے دوررس نتائج برآمد ہوں۔ لوگ اپنے گھروں سے غربت کے خاتمے کے لئے دو طرح کے اقدامات کررہے ہیں ایک یہ کہ وہ اپنے بچوں کو کسی کام پر لگادیتے ہیں اور دوسرا یہ کہ اعلیٰ تعلیم دلانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ جب بچہ بڑا ہو تو وہ اچھی نوکری یا اپنا کاروبار کرسکے۔ بچوں سے محنت و مشقت کرانا تو ایک نہایت غلط عمل ہے لیکن اگر کوئی غریب آدمی اپنے بچے کو اعلیٰ تعلیم دلوانے کی غرض سے ایسے اسکول میں داخل کروا بھی دیتا ہے جہاں اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے تو اس اسکول کی فیس اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ جسے ادا کرنے کی جدوجہد میں وہ غریب آدمی ذہنی طور پر پریشان ہو جاتا ہے جبکہ روزگار ایک ایسی بنیادی ضرورت ہے جس کے نا ہونے سے گھر کا چولھا بُجھ جاتا ہے۔ ہمارے ملک میں آبادی کے بڑھ جانے کی وجہ سے نوکریاں کم اور امیدوار زیادہ ہوگئے ہیں اور اس کے علاوہ بعض اوقات ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ رشوت لے کر نااہل لوگوں کو بھرتی کرلیا جاتا ہے اور اس طرح وہ لوگ نظرانداز ہو جاتے ہیں جو کہ نوکری کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ یہ امر ہمارے ملک کے بے روزگار نوجوانوں میں احساس محرومی اور منفی سوچ کو جنم دے رہا ہے۔ اسی طرح روڈ رستوں کے کشادہ نہ ہونے اور بہتر انفرااسٹرکچر نہ ہونے کے باعث لوگ گھنٹوں ٹریفک جام میں پھنسے رہتے ہیں جہاں موسم کی سختی اور ساتھ میں دھول مٹی لوگوں کی صحت کے ساتھ اُن کے دماغی توازن پر بھی منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ ترقی پذیر ملکوں کی فہرست میں شامل ہونے اور بنیادی ضروریات پوری نہ ہونے کے باوجود پاکستان میں بسنے والے چند لوگ ایسے بھی ہیں جنہوں نے عالمی سطح پر نام کمایا ہے۔ ان ناموں میں ملالہ یوسف زئی، شرمین عبید چنوئے، ارفہ کریم اور دیگر ایسی شخصیات ہیں جنہوں نے پاکستان کا ایک منفرد چہرہ دنیا کے سامنے رکھا اور آج پورا ملک اِن کی خدمات اور جدوجہد کو سراہتے ہوئے اِن شخصیات کے کارناموں پر فخر کرتا ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حالات چاہے جیسے بھی ہوں اگر انسان اپنی سوچ کو مثبت رکھے تو یقیناً وہ ترقی کی منزلیں طے کرسکتا ہے۔ اس لئے ہم سب کی یہ ذمہ داری ہے کہ ایک دوسرے پر الزامات لگانے کی بجائے خوب محنت کریں اور ایک بہتر شہری ہونے کا فرض ادا کریں تاکہ ملک میں سے منفی سوچ کا خاتمہ کیا جاسکے اور ایک مثبت سوچ کے ساتھ اپنے ملک کو ترقی کی راہوں پر لے جایا جاسکے۔ حکومت، ادارے اور عوام کی محنت و جدوجہد سے ہی ہمارا ملک ترقی یافتہ ملک بن سکتا ہے، جس میں لوگوں کو تمام بنیادی ضروریات میسر ہوں۔ البتہ سندھ حکومت اپنے حصے کا کام کررہی ہے اور یورپی یونین کے تعاون سے شروع کئے جانے والا یہ منصوبہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ سندھ کی صوبائی حکومت صوبے سے غربت مٹانے کے لئے کوشاں ہے۔ ■

# بڑھتی ہوئی آبادی
# وسائل کی کمی اور مسائل میں اضافے کا سبب

## 11 جولائی: عالمی یومِ آبادی کے موقع پر خصوصی تحریر

ہدیٰ رانی

اقوام متحدہ کے ادارے اقتصادی اور سماجی امور کے مطابق نومبر 2022ء میں دنیا کی آبادی 8 ارب ہو جائے گی۔ آبادی کا یہ بڑھتا ہوا تناسب انسانی ضروریات میں اضافے کا سبب بن رہا ہے، خصوصاً پانی کے مسائل نے دنیا بھر کو تشویش میں مبتلا کیا ہوا ہے اور کئی ملکوں کے درمیان اس مسئلے کو لے کر تنازعات کھڑے ہو چکے ہیں۔ بڑھتی آبادی کو قابو میں رکھنے اور انسانی ضروریات کی مساوی تقسیم کو یقینی بنانے کے لئے ہر سال 11 جولائی کو عالمی یوم آبادی منایا جاتا ہے۔ انسان کی ابتدا سے 1800 عیسوی تک انسانی آبادی کو ایک ارب ہونے میں ہزاروں برس لگے۔ پھر 1920ء کی دہائی میں آبادی دو ارب تک پہنچ گئی، یعنی دُگنا ہونے میں صرف سو سال لگے۔ اس کے صرف پچاس برس بعد 1970ء کی دہائی میں آبادی چار ارب ہو گئی اور اب بہت جلد انسانی آبادی آٹھ ارب کی لکیر تک پہنچنے والی ہے۔ آج ایک دن میں، انسانی نسل سیارۂ زمین پر ایک چوتھائی ملین یعنی ڈھائی لاکھ افراد اضافہ کر رہی ہے یعنی ہر سال جرمنی کی پوری آبادی کے برابر دنیا کی آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے۔

1798ء میں ماہر معاشیات ٹامس رابرٹ مالتھس نے یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ آبادی جیومیٹرک تناسب (1،2،4،8،16، 32) سے بڑھتی ہے، جبکہ وسائل میں اضافہ آرتھمیٹک حساب (1،2،3،4،5،6،7) سے ہوتا ہے۔ اس نظریئے کے مطابق آبادی میں اضافہ وسائل پر بوجھ کا باعث بنتا ہے۔ عالمی ماہرین کا کہنا ہے کہ دنیا کی آبادی اس تیزی سے بڑھ رہی کہ جس تیزی سے وسائل مہیا نہیں ہو رہے۔ دنیا بھر کے بے شمار مسائل آبادی میں اضافے سے جڑے ہوئے ہیں ان میں خوراک کی فراہمی، علاج، رہائش، تعلیم اور دیگر بنیادی اشیاء جو بنی نوع انسان کے لیے ضروری ہیں۔ آبادی میں اضافے کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کو اُجاگر کرنے کے لیے آبادی کا عالمی دن ہر سال 11 جولائی کو منایا جاتا ہے۔ 11 جولائی 1987ء کو جب دنیا کی آبادی 5 ارب تک جا پہنچی تو ورلڈ بینک میں کام کرنے والے سینئر ڈیمو گرافر ڈاکٹر کے سی زکریا نے تجویز پیش کی کہ آبادی کا عالمی دن منایا جائے اور پھر 1990ء سے باقاعدہ طور پر اس دن کے منانے کا آغاز ہوا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر سال دنیا میں کروڑوں انسانوں کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً فروری 2016ء میں آبادی 7 ارب 40 کروڑ تک پہنچ گئی اور اپریل 2017ء میں بڑھ کر 7 ارب 50 کروڑ ہو گئی۔ نومبر 2019ء میں یہ 7 ارب 70 کروڑ تک پہنچ گئی۔ دنیا میں آبادی بہت تیزی سے بڑھی ہے۔ آبادی میں تیز رفتار اضافے سے خوراک، علاج، رہائش، صحت اور تعلیم کا حصول مشکل تر ہو رہا ہے۔ آبادی کا عالمی دن منانے کا مقصد آبادی کے بڑھنے سے پیدا ہونے والے مسائل اور حل کو



وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور سندھ کابینہ کے ممبران کی مردم شماری کے حوالے سے پریس کانفرنس۔

اُجاگر کرنا بھی ہے۔ اس میں خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت بتانا، خواتین اور مردوں میں برابری کے اصول کو فروغ دینا، غریب کے مسئلے پر تیزی سے بڑھتی آبادی کے تناظر میں غور و فکر کرنا اور زچہ بچہ کی صحت کا خیال رکھنا اور انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانا شامل ہیں۔

پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جہاں عالمی یومِ آبادی منانا اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس کی آبادی میں بہت تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ تیس برس سے زائد کے عرصے سے منائے جانے والے اس دن کو تازہ ترین اعداد و شمار اور حالات و واقعات کی روشنی میں پیش کئے جاتے ہیں اور ان اعداد و شمار کی بنیاد پر آئندہ کے لئے پالیسیاں اور منصوبہ جات بنائے جاتے ہیں۔ آبادی ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے کیونکہ اسی کی بنیاد پر عوام کے لئے مختلف شعبوں میں آسانیاں اور سہولیات مہیا کرنے کے لئے ٹھوس منصوبہ بندی ممکن ہو پاتی ہے۔ پاکستان میں آبادی کو کنٹرول کرنے کے لئے جو پالیسیاں بنائی جا چکی ہیں اس کے نتائج اس طرح سے نہیں آسکے جو کہ ضروری خیال کئے جانے چاہیئے۔ وجہ ان پالیسیوں کا روایات و رواجات سے ہم آہنگ ہونا ہے۔ جس ملک میں شرح خواندگی کم ہوتی ہے وہاں روایات و رواجات کی اہمیت بڑھ جاتی ہے اور پالیسیوں کو اس سے ہم آہنگ کرنا یوں بھی ضروری ہوتا ہے کہ عوام الناس اسی نکتہ نظر سے قابل قبول ردِ عمل دیتے ہیں۔ پاکستان میں ماؤں کی صحت کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے اور اس حوالے سے سفارشات و تدابیر اکثر سامنے آتی رہتی ہیں۔ غیر محفوظ اور غیر صحت مند مائیں بیمار معاشرہ ہی دے سکتی ہیں۔ عام آدمی کا شعور ممالک کو ترقی عطا کرتا ہے عام آدمی کے شعور کی سطح و خواندگی کو بڑھا کر جہاں بہت سے مسائل پر قابو پانا ممکن ہو پائے گا وہیں آبادی پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں آج تک ایسا مستند سروے ہوا ہی نہیں ہے جس کی بنیاد پر حقیقی آبادی کا تعین ممکن ہو لہٰذا صوبائی اور وفاقی سطح پر درست اعداد و شمار نہ ہونے کے سبب بنائی جانے والے پالیسیوں اور اقدامات نتیجہ خیز نہیں رہے ہیں۔ روایات و رواجات کو سمجھے بغیر عوام کے رجحانات کو سمجھنا دشوار ہوتا ہے۔ آبادی میں بہت بڑا حصہ نوجوانوں کا ہوتا ہے۔ پاکستان میں چالیس سال سے کم عمر افراد کا تناسب ملکی آبادی میں ستر فیصد ہے پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے جہاں بہت سی جگہوں پر لڑکیوں کی تعداد کو معیوب سمجھا جاتا ہے اور مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لئے جدید سائنسی ذرائع استعمال کئے جانے لگے ہیں اس کے نتیجے میں عورتوں کی صحت پر منفی اثرات دیکھے جا سکتے ہیں۔ پاکستان سمیت دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں تقریباً پچاس کروڑ کی آبادی لڑکیوں پر مشتمل ہے جبکہ لڑکوں کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور اس کی وجہ تیزی سے ان رجحانات کو اپنانا ہے جو غربت کے کلچر کا تحفہ ہیں اور پیدائش سے قبل لڑکیوں کا قتل ہے۔ یہ رجحان مذہب کی بنیادی تعلیمات کے خلاف ہونے کے باوجود مقبولِ عام یوں بھی ہوتا ہے کہ اس کی بنیادیں غربت اور اس کے تحت اُبھرنے والے غربت کے کلچر میں پیوست ہیں۔

پاکستان میں عورت کی صحت یوں بھی خراب رہتی ہے کہ اس پر لڑکے کی پیدائش کے لئے مسلسل دباؤ موجود رہتا ہے اور لڑکے کی خواہش میں ہر دوسرے سال ایک اور اولاد پیدا کرنے کا جو عمل ہے وہ ماں اور بچے دونوں کے لئے نقصان دہ ہے جبکہ قدرتی حالات میں لڑکا پیدا نہ ہونے کے سبب بہت سے حادثات و واقعات بھی پاکستانی معاشرے میں معمول کا ایک حصہ بنے ہوئے ہیں۔ صحت مند مائیں ہی صحت مند قوم دیتی ہیں۔ ترقی پذیر ممالک میں دورانِ حمل اموات کا تناسب ترقی یافتہ ممالک سے کہیں بڑھ کر ہے۔ معاشرے کی تشکیل میں آبادی ضروری ہے اس کے بغیر انسانی معاشرہ وجود میں نہیں آتا اور اگر آبادی زیادہ اور وسائل کم ہوں تو صورتِ حال گھمبیر ہو جاتی ہے اور مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنا دشوار تر ہو جاتا ہے۔ ایسے ممالک میں غربت، بیروزگاری اور جہالت پروان چڑھتی ہے۔ تناسب برائے انسانی وسائل و قدرتی وسائل یہ طے کرتے ہیں کہ ترجیحات کیا ہونی چاہئیں۔ پاکستان میں تعلیم و آبادی دو ایسے شعبے ہیں جن پر سب سے زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے اور ان کا آپس میں تعلق اس




درجے گہرا ہے کہ دونوں شعبے ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔ دنیا بھر میں غذا کو بطورِ معیار جان کر آبادی میں طبقات کی تقسیم کی جاتی ہے۔ پاکستان میں مردوں کی بہ نسبت عورتیں غذائیت کی کمی کا زیادہ شکار ہیں اوران کی صحت کو یوں بھی اہمیت دی جانی چاہیے کہ انہوں نے معاشرے کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے بچے پیدا کرنے ہوتے ہیں۔

پاکستان میں ایسی مائیں بھی بچے پیدا کرتی ہیں جن کی اپنی عمر کھیلنے کی ہوتی ہے بہتر تر قانون سازی سے اب ممکن ہو پایا ہے کہ ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد رکھی جاسکے۔ قانون سازی یوں بھی ضروری قرار دی جاتی ہے کہ یہ معاشرے کو بنیاد دیتی ہے جس پر اقدامات اگر ہم آہنگ ہوں تو نتائج بھی آجاتے ہیں ورنہ فقط قانون سازی وقانون سے معاشرے میں تبدیلی نہیں آتی۔ پاکستان میں کم عمری کی شادیاں جہاں آبادی میں اضافے کا باعث ہیں وہیں لاچار، مجبور، بے بس اور بیمار ماں کا تحفہ بھی دیتی ہے جو اکثریت میں متوازن غذااور صحت مند ماحول سے محروم ہے۔ سندھ کی صوبائی حکومت نے کم عمری کی شادی کے خلاف نہ صرف قانون سازی کی بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کروایااوراس طرح کی صورت میں ذمہ داران کو سزادی گئی جس کے بعد اب سندھ میں کم عمری کی شادی کے رجحان میں واضح کمی آئی ہے۔ پاکستان میں جس طبقے میں غذا کی قلت ہے وہاں پیدائش کی شرح زیادہ ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے۔ معاشرے میں مردوں کی برتری کا احساس پایا جاتا ہے جو کہ براہِ راست آبادی کو متاثر کررہا ہے اوراس میں اضافہ کرتا ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی جدید خطوط پر استوار نہیں ہے اور نہ ہی یہ ثقافت سے ہم آہنگ ہے یہی وجہ ہے کہ حکومتی سطح کی ہر کوشش اس ضمن میں کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو پاتی اور آبادی میں ہونے والا اضافہ تھمنے میں نہیں آرہا ہے۔ معاشرے میں نا آسودگی کو فروغ مل رہا ہے اور بچوں کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھا جاتا ہے اور ان کے متعلق ایسے رویئے اپنائے جاتے ہیں جو کہ ملکیت کے لئے مخصوص ہوتے ہیں۔ معاشرتی بگاڑ کو ٹھیک کرنے کے لئے اس ضمن میں ٹھوس اقدامات وقت کی ضرورت ہیں۔

عالمی یوم آبادی کے موقع پر ملک بھر میں تقاریب اور سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔ حکومتی وزرا نے آبادی میں مسلسل اضافے اور پاکستان میں دستیاب محدود وسائل پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ سیاسی وسماجی شخصیات نے اپنے پیغامات میں عام لوگوں کو آبادی میں اضافے کے منفی اثرات کے بارے میں آگاہی دینے کی ضرورت پر زور دیا جس کی وجہ سے نہ صرف انسانی صحت بالخصوص ماں اور بچے کی صحت بلکہ قومی ترقی پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم آبادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ایک غلط فہمی ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی کا مقصد بچوں کی پیدائش کو کنڑول کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ درحقیقت یہ اقدام ماں اور بچے کی بہتر صحت کو یقینی بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ پاکستان میں تقریبا 60 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر پر مشتمل ہے جو بہتر تعلیم اور معقول روزگار کی خواہاں ہے۔ تاہم، ملک بھر میں دستیاب وسائل کے ساتھ بہترین تعلیم کی سہولیات اور ملازمتوں کی دستیابی ایک مشکل کام ہے۔ زیادہ آبادی ملک میں ترقیاتی منصوبہ بندی کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے، یہی وجہ ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی کی شرح کے بارے میں عوام میں شعور بیدار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اگر

ہم قومی آبادی اور وسائل کے درمیان توازن برقرار رکھیں گے تو یہ عوام خصوصاً ماں اور بچے کی بہتر صحت کو یقینی بنائے گا۔

اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان میں زچگی کے دوران شرح اموات فی سال 186 ہے۔ پاکستان میں فیملی پلاننگ کی ضرورت بہت زیادہ ہے۔ غلط تاثرات، تربیت یافتہ صحت کے عملے کی کمی، شراکت داروں کے درمیان کمیونیکیشن گیپ جیسے دیگر نچلی سطح پر چیلنجز موجود ہیں۔ عوام کے درمیان خاندانی منصوبہ بندی کو معمول پر لانے کے لیے، میڈیا ٹولز کے استعمال کے ذریعے طرزِ عمل کی تبدیلی کی مہمات کو ڈیزائن اور ان پر عمل درآمد کرنے کی ضرورت ہے جو دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز سمیت معاشرے کے ہر فرد تک پہنچیں۔ خاندانی منصوبہ بندی کے اقدامات کو اپنانے کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی کوششوں کے ایک حصے کے طور پر، خیر خواہ مہم کے نام سے عالمی یوم آبادی کے موقع پر حکومتی اہلکاروں کی تعریفی ویڈیوز کے ساتھ مہم کا آغاز کیا گیا۔ ان ویڈیوز میں پاکستان کی تیزی سے بڑھتی آبادی اور پاکستان کو درپیش معاشی بحران، بے روزگاری، صحت کی دیکھ بھال وغیرہ جیسے مسائل کا مفصل احاطہ کیا گیا اور لوگوں کو خاندانی منصوبہ بندی کے اقدامات کی ترغیب دی گئی۔ اس مہم کا مقصد سرکاری اہلکاروں کو متحرک کرنا اور اس بڑھتے ہوئے مسئلے کو حل کرنے کے لیے عہد و عزم کرنا تھا۔

جس ملک میں صنعتی ترقی ہوتی ہے وہاں خاندان کا تصور جدیدیت کا روپ دھار لیتا ہے اور خاندان کے نئے تصور میں کم بچے اور خوشحال گھرانہ اہمیت اختیار کر لیتا ہے اور یوں معاشرہ بہتر حالت میں ترقی کرنے لگتا ہے۔ آبادی میں ہونے والا اضافہ وسائل پر بوجھ ڈالتا ہے اور وسائل کم ہوں تو قابلِ عمل اقدامات کی تعداد گھٹ جاتی ہے۔ قابل کاشت رقبہ ہمیشہ یکساں رہتا ہے اور بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ پاکستان میں آٹے کی قیمت میں اضافے کو اسی کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ بڑھتی آبادی کی وجہ سے لاتعداد مسائل نے ہمارے معاشرے میں سر اُٹھایا ہے۔ کم وسائل اور زیادہ مسائل صورتِ حال کو گھمبیر کر رہے ہیں۔ جن ممالک نے آبادی کو کنٹرول کرنے کے لئے ٹھوس پلاننگ اور پالیسیاں بنائی تھیں آج وہاں آبادی پر نہ صرف کنٹرول ہے بلکہ وہ ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑے نظر آتے ہیں۔ ایسے ممالک جہاں شعور کی سطح بلند ہے وہاں آبادی اس حد تک کم ہو چکی ہے کہ حکومتیں ان لوگوں کو ایوارڈ سے نوازتی ہیں جو زیادہ بچے پیدا کرتی ہیں وہاں بچوں کی تعداد خطرناک حد تک کم ہو چکی ہے وہاں آبادی سے متعلق درست اعداد وشمار موجود ہیں اور اعداد و شمار تشہیری ذرائع سے سامنے بھی لائے جاتے ہیں۔ پاکستان میں ان اعداد و شمار کا حقیقی ڈیٹا میسر نہیں ہے لہٰذا بہتر تر پلاننگ ممکن نہیں ہے عوام تک بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کا حق اور حکومت کا فرض ہے مگر بڑھتی آبادی اس راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ تعلیم کو بڑھا کر اور بذریعہ تعلیم بہت سے مسائل پر قابو پایا جاتا ہے جن میں آبادی پر کنٹرول شامل ہے مگر شرح خواندگی نہ بڑھنے کی وجہ سے اس سمت بھی کامیابی نہیں مل پا رہی ہے۔

پاکستان میں غیر ملکی افراد کی خاصی بڑی تعداد موجود ہے جو تقریباً پچاس لاکھ سے زیادہ ہے۔ یہ تعداد اکثریت میں ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی میں آباد ہے جس کی آبادی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے ان غیر ملکی اور غیر رجسٹرڈ افراد کی وجہ سے دیگر بہت سے مسائل کے ساتھ ساتھ امن وامان و جرائم کا مسئلہ بھی درپیش ہے جن میں یہ غیر ملکی ملوث ہو سکتے ہیں۔ ملکی معیشت پر بوجھ ان غیر ملکی افراد کے خلاف ایکشن لینا اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ مقامی لوگ روزگار کی قلت کا شکار ہیں اور یہ غیر ملکی افراد بے روزگاری برداشت نہیں کر سکتے اور ان میں ہر کوئی کسی نہ کسی روزگار سے وابستہ ضرور ہے۔ اگر ان غیر ملکیوں کے خلاف ایکشن ہوتا ہے تو جہاں ملکی آبادی میں کمی ہوگی وہاں روزگار کے نئے ذرائع بھی پیدا ہوں گے جو ان کی بے دخلی کے بعد خالی ہوں گے اور ایک بڑی تعداد میں مقامی لوگوں کو روزگار مل پائے گا اس کے ساتھ ساتھ بنیادی انسانی سہولیات کی فراہمی اس ضمن میں پوری کرنا آسان ثابت ہوگا۔ لہٰذا اس حوالے سے اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ ملک میں بڑھتی آبادی کے مسئلے پر کسی حد تک قابو پایا جا سکے۔ ■



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، مون سون کے موسم میں ایمرجنسی صورتحال کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن، چیف سیکریٹری ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت، سیکریٹری ہیلیٹیشن آصف علی میمن اور کمشنر کراچی محمد اقبال میمن بھی موجود ہیں۔



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، کے فور منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، چیف سیکریٹری ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت، چیئرمین منصوبا بندی وترقیات سید حسن نقوی اور سیکریٹری بلدیات نجم احمد شاہ بھی موجود ہیں۔

ہفتہ وار
سندھ منظر

## بھنبھور کے آثارِ قدیمہ



بھنبھور شہر کے آثارِ قدیمہ پر کھدائی کا سلسلہ 1958ء سے شروع ہوا، جس کی باقاعدہ تحقیق کے بعد یہاں تین مختلف ادوار کی آبادیوں کے آثار ملے ہیں۔ یہاں کے قدیم ترین باشندے سیتھو پارتھی نسل کے تھے، جن کا دور پہلی صدی قبل مسیح سے دوسری صدی عیسویں تک رہا۔ پھر دوسری صدی عیسویں سے آٹھویں صدی عیسویں تک ہندو اور بدھ مت مذہب کے لوگ یہاں آباد ہوئے جبکہ آٹھویں صدی عیسویں سے مسلمانوں کی آمد یہاں شروع ہوئی اور تیرھویں صدی عیسویں تک برقرار رہی۔ لیکن جب دریائے سندھ نے اپنا رُخ تبدیل کیا تو شہر کی اہمیت ختم ہوگئی اور آہستہ آہستہ سارا شہر ویران ہو کر رہ گیا، عمارات و مکانات منہدم ہو گئے اور بیشتر ملبے کا ایک ڈھیر بن گئے۔

محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ